سوال

نجس شدہ چیز کا پاک کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اگر جسم یا کپڑے یا برتن وغیرہ کو نجاست لگ جائے تو اس کو پاک کرنے کا کیا طریقہ ہے۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نجس شدہ شئے دھونے سے پاک ہوجاتی ہے۔ جبکہ اس طرح سے دھوئی جائے کہ اس پر نجاست کا اثر (رنگ، بویامزا) نہ رہے۔ جس برتن میں کتہ منہ ڈال دے اس کو ایک دفعہ مٹی سے مانجے اورسات بارپانی سے دھوئے۔

جوتا زمین پر رگڑنے سے پاک ہوجاتا ہے۔

دودھ پیتے لڑکے کا پیشاب دھونے کی ضرورت نہیں۔ صرف چھینٹے دینے کافی ہیں۔

منی اگر خشک ہوجائے تو اس کا کھرچنا کافی ہے اگر تر ہو تو دھولے۔ مذی نکلے تو شرمگاہ دھولے اور جہاں کپڑے کو لگے تو پانی چھڑک لے۔

مردار کا چمڑا دباغت سے پاک ہوجاتا ہے۔

جو شئے دھوئی نہ جاسکے اس پر پانی بہانا کافی ہے جیسے زمین وغیرہ

کنواں اتنا پانی نکالنے سے پاک ہوجاتا ہے۔ جس سے نجاست کا اثر، رنگ، بویامزا نہ رہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اہلحدیث

[کتاب الطہارت 'پانی کا بیان، ج1ص236]